ایک کتاب پچکو کے لئے

Original Publisher: Pratham Books
Author: Deepanjana Pal
Illustrator: Rajiv Eipe
Translator: Saima Aman

"پچکو! نہا لو!"

"پچکو! اپنا کھانا ختم کرو!"

"پچکو! کلاس میں جاؤ!"

"پچکو! بس میں جاؤ!"

"پچکو! اپنا ہوم ورک پورا کرو!"

"مگر پچکو ہے کہاں؟"

ಎಲ್ಲಾ ನಮ್ಮನೆ ಬೆಕ್ಕಿನ ತಪ್ಪು!

پچکو مصروف ہے۔

اس کے پاس پڑھنے کو کتاب ہے۔

پچکو ہمیشہ پڑھتی رہتی ہے۔ گھر پر، اسکول میں، پارک میں، بستر میں بھی۔ ورق کے بعد ورق، ایک کتاب کے بعد دوسری کتاب، ایک کے بعد ایک، وہ ساری کتابیں پڑھ کر ختم کر چکی ہے۔

"پر تم ہمیشہ پڑھتی کیوں رہتی ہو پچکو؟" بولٹو بولا۔

"ادھر آؤ ناں، کارٹون دیکھتے ہیں" ڈوڈلا نے پکارا۔

"کتاب پڑھنے کا تو مزہ کچھ اور ہی ہے!"

پچکو بولی، "دیکھو! یہ جو نقطہ دیکھتے ہو؟ اور یہ ایک لکیر ہے۔ اس کو لگاؤ اور اس کو ذرا کھینچو۔ ایک حرف بن گیا۔ کچھ حرفوں کو ساتھ میں رکھو اور ایک لفظ بن گیا۔ لفظ کبھی پتے کی بات کہتے ہیں، کبھی گدگداتے ہیں، کبھی دکھ بانٹتے ہیں، تو کبھی امید کی روشنی دکھاتے ہیں۔ لفظ ایک دوسرے سے جڑ کر جملہ بنتے ہیں، اور جملوں سے کہانی بن جاتی ہے۔ کہانی پڑھتے ہی آپ آنا فانا میں دوسری ہی دنیا میں پہنچ جاتے ہیں!"

फुर्र र्र र्र....!

مگر آج پچکو ایک الجھن میں تھی۔

وہ ساری کتابیں پڑھ چکی تھی۔ کتب خانہ کی ساری کتابیں، جن تک اس کی پہنچ تھی، ایک سرے سے دوسرے سرے تک، وہ سب پڑھ کر ختم کر چکی تھی۔

"اب میں کیا کروں؟ اور کوئی کتاب نہیں بچی ہے پڑھنے کو۔" پچکو رونے کو آگئی۔

مگر تبھی، وہاں کیا ہے؟

پچکو کی نظر اوپر گئی تو ایک نہیں، دو نہیں، پورے
تین خانے، کتابوں سے بھرے ہوئے!

"اور بہت سی کتابیں!" پچکو خوشی سے جھوم اٹھی۔

مگر ایک گڑبڑ تھی۔ پچکو تو چھوٹی سی تھی، اور
کتابوں کی الماری کے وہ خانے اونچے تھے، اس
کی پہنچ سے کہیں باہر۔

اب پچکو کتابوں تک کیسے پہنچ پائے گی؟

کیا وہ رسی کا استعمال کرے؟

یا پھر ماں کی ساڑی کے سہارے اوپر چڑھ جائے؟

اور اگر وہ کمرے میں رکھی کرسیوں اور میزوں کا استعمال کرے تو؟

پچکو نے سوچا اگر اس کے پاس ایک زراف ہوتا

تو یہ کام کتنا آسان ہو جاتا۔

یا کم از کم ایک بندر۔

یا پھر دونوں!

پچکو کو ایک ترکیب سوجھی۔ اس نے بولٹو اور ڈوڈلا کو مدد کے لئے بلا لیا۔

چپ چاپ، بنا کوئی آواز کئے، سب ایک کے اوپر ایک چڑھ گئے۔

"بولٹو، تو بڑا بھاری ہے"، ڈوڈلا منمنایا۔ "میں نے تم سے کہا تھا آخری رس گلہ مت کھاؤ۔"

"یہ میں نہیں"، بولٹو نے کہا، "یہ پچکو ہے۔"

پچکو نے دھیمے سے کہا، "ش ۔ ش۔ بس ہو گیا۔"

آـــــــــہ!

"کیا ہو رہا ہے یہاں؟" کتب خانہ کی بہت لمبی افسر کی آواز گونجی۔

اس نے پچکو کو دھیرے سے نیچے اتارا۔ بولٹو اور ڈوڈلا نو دو گیارہ ہو چکے تھے۔

پچکو نے لگ بھگ ہاتھ میں آئی کتاب کو دکھی ہو کر دیکھا۔

"کیا میں کچھ مدد کروں؟" افسر نے پوچھا۔

پچکو نے روہانسی ہو کر کہا ، میں تو بس الماری
پر چڑھنے کی کوشش کر رہی تھی، کیونکہ میرے
پاس پڑھنے کے لئے کتابیں ہی نہیں بچی ہیں۔"
"تم نے مجھ سے کیوں نہیں کہا؟" کتب خانہ
کی افسر بولی، "جب تک میں یہاں ہوں، تمہیں
الماری پر چڑھنے کی کوئی ضرورت نہیں۔
کیا میں تمہیں اوپر اٹھاوں؟" پچکو نے سر ہلایا۔

پچکو کتابیں چننے لگی، "میں یہ والی لوں گی، اور یہ، اور یہ بھی۔" اور خوشی سے بولی، "شکریہ!"

"وہ والی بھی لے لو۔ جب میں چھوٹی تھی تب میں نے اسے بڑے چاؤ سے پڑھا تھا۔" افسر بولی۔

"آپ بھی کبھی چھوٹی تھیں؟" پچکو نے پوچھا۔

"بالکل! تم سے بھی چھوٹی۔ پھر میں بڑی ہوئی۔

تم بھی ہو جاؤگی۔ مگر تب تک تمہیں جس کتاب

کی بھی ضرورت ہو مجھ سے مانگ لیا کرو۔

میں تمہیں لا کر دوں گی،

ٹھیک ہے؟"

مگر کیا پچکو نے سنا؟ جی نہیں۔

وہ تو کتاب میں کھو گئی۔

نقطے، لکیریں۔

ایک حرف اور پھر دوسرا۔

ایک لفظ اور پھر دوسرا۔

ایک جملہ اور پھر دوسرا جملہ۔

لو! اب ایک نئی کہانی۔

کیونکہ پچکو کے ہاتھ لگ گئی تھی ایک نئی کتاب۔

Story Attribution:

This story: ایک کتاب پچکو کے لئے is translated by Saima Aman . The © for this translation lies with REHMA, 2019. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Derived from: 'एक किताब पुचकू के लिए', by Nagraj Rao . © Pratham Books , 2017. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Based on Original story: 'A Book for Puchku', by Deepanjana Pal . © Pratham Books , 2017. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. This story may have intermediate versions between the root and parent story. To see all versions, please visit the links.

Images Attributions:

Cover page: Girl standing in the middle of library, by Rajiv Eipe © Pratham Books, 2017. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 2: Girl reading a book while filling a bucket and during breakfast, by Rajiv Eipe © Pratham Books, 2017. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 3: Girl reading a book on a swing, empty study table, Girl leaving for school, by Rajiv Eipe © Pratham Books, 2017. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 4: Lady looking suspicious , by Rajiv Eipe © Pratham Books, 2017. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 5: Girl sitting in the garden with a book, by Rajiv Eipe © Pratham Books, 2017. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 6: A girl lying down and reading a book, by Rajiv Eipe © Pratham Books, 2017. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 7: Boys talking to eachother , by Rajiv Eipe © Rajiv Eipe, 2017. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 8: Girl visualizing a story-hindi, by Rajiv Eipe © Pratham Books, 2017. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 9: A sad girl sitting in front of a bookshelf, by Rajiv Eipe © Pratham Books, 2017. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license.

Images Attributions:

Page 10: A little girl crying on a pile of books, by Rajiv Eipe © Pratham Books, 2017. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 11: A little girl looking amazed at the book shelf, by Rajiv Eipe © Pratham Books, 2017. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 12: Girl looking confused, by Rajiv Eipe © Pratham Books, 2017. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 13: Girl figuring out how to get on the bookshelf-hindi, by Rajiv Eipe © Pratham Books, 2017. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 14: Girl standing with a giraffe and a monkey, by Rajiv Eipe © Pratham Books, 2017. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 15: Boys helping girl to get on the bookshelf, by Rajiv Eipe © Pratham Books, 2017. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 16: A little girl stuck on a bookshelf, boys on the floor, by Rajiv Eipe © Pratham Books, 2017. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 17: Tall lady holding a girl, by Rajiv Eipe © Pratham Books, 2017. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 18: Teacher talking to a tiny girl, by Rajiv Eipe © Pratham Books, 2017. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 19: Lady showing girl books on the bookshelf, by Rajiv Eipe © Pratham Books, 2017. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 20: A very tall lady putting a girl down, by Rajiv Eipe © Pratham Books, 2017. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 22: Lady watching a girl read book, by Rajiv Eipe © Pratham Books, 2017. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license.

ایک کتاب پچکو کے لئے

(Urdu)

پچکو ساری کتابیں پڑھ چکی ہے۔ کیا کتب خانہ میں اسے پڑھنے کے لئے کوئی نئی کتاب ملے گی؟

This is a Level 3 book for children who are ready to read on their own.